ترتیب: ہارون رشید خواجہ

# زکاۃ ٹیبل

ناشر: مسلم اسٹوڈنٹس بورڈ جموں وکشمیر

| م | جنس (اشیاء) | نصاب | زکاۃ کی مقدار | ادائگی کا وقت | دیگر احکام |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | آسمانی (قدرتی) آبپاشی والی زراعت | 652 کلو | عُشر<br>10% | کٹائی کے وقت | ۱. اس کی مثال: سرسوں، گیہوں، اور بعض علاقوں میں شالی وغیرہ<br>۲. اگر کسی کھیت میں سال میں دو یا دو سے زیادہ دفعہ فصل اگائی جاتی ہو تو اتنی دفعہ زکاۃ بھی ادا کرنا واجب ہے<br>۳. جو فصل تجارت کی غرض سے اگائی گئی ہو اس پر تجارتی سامان کا حکم ہوگا |
| 2 | آلات کی آبپاشی والی زراعت | 652 کلو | نِصف العُشر<br>5 % | کٹائی کے وقت | ۱. اس کی مثال: شالی وغیرہ ۲. جو سبزی اپنے ذاتی استعمال کے لئے ہو اس پر زکاۃ واجب نہیں ہے البتہ جو سبزیاں تجارت کے لئے اگائی جاتی ہوں وہ تجارتی سامان کے حکم میں ہوں گی<br>۳. اگر کسی کھیت میں ایک ہی سال میں دو یا دو سے زیادہ دفعہ فصل اگائی جاتی ہو تو اتنی دفعہ زکاۃ بھی ادا کرنا واجب ہے<br>۴. تجارتی مقصد کے لئے اگائی گئی فصل، اور اسی طرح تمام میوہ جات، زعفران، درخت، گھاس، ہر قسم کے پودے وغیرہ پر بھی تجارتی سامان کا حکم ہوگا. |
| 3 | سونا | 85 گرام | رُبع العُشر 2.5% | قمری سال گزر جانے کے وقت | ۱. سونا جس چیز کی صورت میں ہو سب پر زکاۃ واجب ہے ۲. تجارتی سامان کے احکام سونے کے احکام جیسے ہیں. |
| 4 | چاندی | 595 گرام | رُبع العُشر 2.5% | قمری سال گزر جانے کے وقت | ۱. چاندی جس چیز کی صورت میں ہو سب پر زکاۃ واجب ہے |
| 5 | تجارتی سامان | 85 گرام سونے کی قیمت کے برابر | رُبع العُشر<br>2.5% | قمری سال گزر جانے کے وقت | اس میں ہر وہ چیز شامل ہوجائے گی جو تجارت کے لئے ہو، جیسے: سونا، چاندی، دکانوں میں موجود اشیاء، حتی کہ اگر زمین بھی فروخت کرنے کے لئے ہو، اور اسی طرح اگر حیوانات (بھیڑ، بکری، گاے، بھینس، مرغے یا اڑنے والے پرندے وغیرہ) بھی فروخت کرنے کے لئے ہوں، اور اسی طرح تجارتی مقصد کے لئے اگائی گئی فصلیں، زعفران، میوے (سیب، ناشپاتی وغیرہ)، بادام، اخروٹ، سبزیاں وغیرہ |
| 6 | کرایہ سے حاصل شدہ رقم | 85 گرام سونے کی قیمت کے برابر | رُبع العُشر 2.5% | قمری سال گزر جانے کے وقت | جن اشیاء کو کرایہ پر دینا مقصود ہوتا ہو، یا جو مشینریاں وغیرہ فیکٹریوں میں استعمال کی جاتی ہوں، ان کی زکاۃ تجارتی سامان کی طرح نہیں ہوگی بلکہ ان اشیاء وآلات وغیرہ سے جو رقم حاصل کی جاتی ہو اس پر زکاۃ واجب ہوگی، جیسے: بسیں، ٹرکیں، ٹیکسیاں، اور دیگر تمام مشینریاں جو کارخانوں میں ہوتی ہیں. |
| 7 | نقدی | 85 گرام سونے کی قیمت کے برابر | رُبع العُشر 2.5% | قمری سال گزر جانے کے وقت | ۱. ہر کرنسی کا یہی حکم ہے ۲. اس میں ہر وہ رقم شامل ہوگی جو چاہیے کہ جیب میں ہو یا گھر میں ہو یا بنک میں ہو. ۳. اس میں وہ رقم شامل نہیں ہوگی جو کسی کی قرض ہو.<br>۴. وہ رقم جو کسی نے ادھار لی ہو اس پر (صحیح قول کے مطابق) اسی وقت (اس سال کی) زکاۃ واجب ہوگی جب قرض دار واپس ادا کرے گا. |
| 8 | بکری / بھیڑ | 40 ـــــ 120<br>121 ـــــ 200<br>201 ـــــ 399<br>400 ـــــ + | ایک بکری<br>دو بکریاں<br>تین بکریاں<br>ہر ایک سو پر ایک بکری | قمری سال گزر جانے کے وقت | ۱. ان کا سائمہ ہونا زکاۃ کے وجوب کے لئے شرط ہے یعنی: یہ ایسے جانور ہوں جو پورے سال یا اکثر سال میں خود چر کر پیٹ بھرتے ہوں،<br>۲. لہذا ان میں وہ جانور شامل نہیں ہوں گے جن کے کھانے پینے کے لئے چارہ حاصل کر کے لانا پڑتا ہو،<br>۳. جو جانور اپنے ذاتی استعمال کے لئے ہو اس پر زکاۃ واجب نہیں ہوگی، جیسے: سواری کے لئے گھوڑا، ذاتی استعمال کے لئے دودھ دینے والی بکری یا گاے وغیرہ |
| 9 | گاے / بھینس | 30 ـــــ 39<br>40 ـــــ 60<br>60 +<br>60 + | ایک سال کا بچھڑا (نر یا مادہ)<br>دو سال کی مادہ<br>ہر تیس پر ایک سال کا بچھڑا (نر یا مادہ)<br>ہر چالیس پر دو سال کی مادہ | قمری سال گزر جانے کے وقت | دیگر احکام بکری کے احکامات میں درج ہیں |

**اپیل** : ایم ایس بی عصر حاضر کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے اسلامک ایجوکیشن کو جدید تعلیمی وسائنسی وسائل کے ذریعہ عوام تک پہنچانے کے لئے کوشاں رہتا ہے بورڈ اس عظیم مشن کو چلانے کے لئے ہر مسلم سے تعاون کی اپیل کرتا ہے، آپ کا تعاون مالی، علمی، فنی، نیک دعا کی صورت میں ہوسکتا ہے.

رابطہ کے لیے 9596434356 , 9796314050 , 9697998586 , 9858493707